© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

فریم عینکی

☆ صہبا مشرف کا عدالت پر عدم اعتماد (ایک خبر)
یہ وہی عدالت ہے جسے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹا گیا تھا۔

☆ صدر زرداری وطن واپس پہنچ گئے (ایک خبر)
اُس جانے کو کیا کہیے، اِس آنے کو کیا کہیے!

☆ ہم جب آئے تو آٹا بحران تھا۔ آج برآمد کر رہے ہیں (گیلانی)
جبھی وطن میں 32 روپے کلو بک رہا ہے

☆ کون سی عورت ہے جو طلاق لے کر محل تحفے میں دیتی ہے (چودھری نثار)
”جمائما“ (عمران خان)

☆ تکمیل تک بھٹوازم کا مشن جاری رہے گا (زرداری)
روٹی، کپڑا نہ مکان عوام بے چارے سب پریشان

☆ پارلیمنٹ میں دو تہائی اکثریت کے ساتھ عدالتی فیصلہ تبدیل کیا جا سکتا ہے (آئینی ماہرین)
چاہے ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ جائے!

☆ جی بھر کے لوٹ مار کے بعد پی پی اب مظلوم بننا چاہتی ہے (جاوید ہاشمی)
ملک و قمر ہو یا اعوان مہنگائی کا ایک طوفان
ان کی جان کو روتے ہیں سب بچے بوڑھے اور جوان

☆ جیالوں کو کوئی نہیں ہرا سکتا (بابر اعوان)
مانا عزت مل جاتی ہے، منصب عالی ہو جاتا ہے لیکن ایک ہی لمحے میں یہ سب کچھ گالی ہو جاتا ہے

☆ نواز نے لندن میں حاضر سروس جنرل سے مل کر میمو پلان بنایا (راجہ ریاض)
کھسیانی بلّی کھمبا نوچے!

☆ ہمیں ایک دن بھی چین سے حکومت نہیں کرنے دی گئی (بابر اعوان)
آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں!



© rasailojaraid.com